**Sadiq**

21-08-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ۔۔۔۔فیصل خان

----------------------------

**Music**

1 نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ پھر سے اُبھرتا ہوا افریقہ اور آگے بڑھتا ہوا بھارت جنوب جنوب اشتراک کو تقویت دے سکتا ہے۔نئی دلّی میں بھارت افریقہ کاروباری کانکلیو سے اپنے خطاب میں انھوں نے مختلف شعبوں میں بھارت افریقہ اشتراک پر زور دیا۔

2 وزیراعظم نریندرمودی پولینڈ اور یوکرین کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ وہ آج شام پولینڈ کی راجدھانی Warsaw میں ایک کمیونٹی تقریب میں شرکت کریں گے اور وہاں آباد بھارتی برادری سے بات چیت کریں گے۔

3 دو روزہ بھارت یوروپی یونین علاقائی کانفرنس نئی دلّی میں شروع ہوگئی ہے، جس میں آن لائن شدت پسند بنانے سے در پیش خطرات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

4 ایران کے وسطی حصے میں شیعہ عقیدتمندوں کو پاکستان سے عراق لے جارہی ایک بس حادثے کا شکار ہوگئی، جس میں کم از کم 28 افراد ہلاک ہوگئے۔

5 اور ...... مالدیپ کے شمالی حصے میں شدید بارش سے بڑے پیمانے پر سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

VP India Africa

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ افریقہ کے احیا اور بھارت کی ترقی سے ترقی پذیر ملکوں کے درمیان تعاون کو تقویت مل سکتی ہے۔ انھوں نے یہ بات آج نئی دلی میں CII بھارت- افریقہ کاروبار سے متعلق 19 ویں میٹنگ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ صاف ستھری ٹکنالوجی، بحری سیکورٹی اور زراعت کے لئے بہتر آب و ہوا سمیت کئی شعبوں میں بھارت اور افریقہ کے درمیان تعاون اور اشتراک کے زبردست مواقع موجود ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت افریقہ کے ساتھ خلائی شعبے میں تعاون کو آگے بڑھا رہا ہے اور بہت سے دوسرے شعبوں میں ڈیجیٹائزیشن کافی اہمیت کا حامل ہے۔ x

PM Poland& Ukraine Visit.

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح پولینڈ اور یوکرین کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوگئے۔ جناب مودی شام کو Warsaw پہنچیں گے، جہاں ان کو شاندار استقبالیہ دیا جائے گا۔ وزیراعظم مودی Warsaw میں ہندوستانی برادری کی طرف سے منعقد کی جانے

والی ایک اجتماعی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

نئی دلی سے روانہ ہونے سے پہلے جناب مودی نے اپنے بیان میں کہا کہ وہ بھارت اور پولینڈ کے درمیان سفارتی تعلقات کے 70 سال پورے ہونے کے موقع پر پولینڈ کے دورے پر جارہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ دونوں ملکوں کے درمیان شراکتداری کو اور زیادہ آگے بڑھانے کے لئے اپنے دوست وزیراعظم Donald Tusk اور صدر Andrej Duda سے بات چیت کریں گے۔ انھوں نے کہا وسطی یوروپ میں پولینڈ ایک اہم اقتصادی ساجھیدار ہے۔

وزیر اعظم نے یوکرین کا دورے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ صدر ولادومیر زیلنسکی کی دعوت پر وہاں کے دورے پر جارہے ہیں اور یہ بھارت کے کسی وزیراعظم کا یوکرین کا پہلا دورہ ہوگا۔x

India EU Conference

بھارت اور یوروپی یونین کی دو روزہ علاقائی کانفرنس نئی دلی میں شروع ہوگئی ہے، جن میں آن لائن شدت پسند بنانے کے خطرات پر غور کیا جائے گا۔ بھارت اور یوروپی یونین نے اس کا اہتمام کیا ہے۔ اس کانفرنس میں آن لائن شدت پسند بنانے کے موجودہ اور ابھرتے ہوئے خطرات پر غور و خوض کیا جائے گا۔ ا سکے علاوہ انتہا پسندوں اور دہشت گرد عناصر کی سدباب پر تبادلہ خیال ہوگا۔ بھارت میں یوروپی یونین کے سفیر Heve Delphin نے مشترکہ علاقائی کوششوں پر زور دیا، تا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے پروپیگنڈے کے لئے انٹرنیٹ کے غلط استعمال کے چیلنج سے نمٹا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ یوروپی یونین انتہا پسند اور دہشت گردانہ عناصر کی طرف سے آن لائن خطرات اور چیلنجوں سے نمٹنے کا کافی تجربہ رکھتی ہے اور یونین سے اس سے موثر طور پر نمٹنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

بھارت کے سابق خارجہ سکریٹری جواہر لال نہرو یونیورسٹی کے موجودہ چانسلر ڈاکٹر Kanwal Sibbal نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق آن لائن متن کے سلسلے میں دو روزہ تبادلۂ خیال سود مند ثابت ہوگا۔انھوں نے مزید کہا کہ اِس معاملے کے ازالے کے لیے بین الاقوامی اشتراک کی ضرورت ہے۔ اِس علاقائی کانفرنس کا مقصد ڈیجیٹل حلقے میں پرتشدد انتہا پسندی سے درپیش مختلف چیلنجوں سے نمٹنا ہے۔x

Maha Badla Puir

مہاراشٹر کے بدلا پور میں جنسی زیادتی کے معاملے کے قصور وار اکشے شنڈے کو آج عدالت کے سامنے پیش کیا گیا اور اُسے 25 اگست تک پولیس کی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔ اُس پر تھانے ضلع کے بدلا پور میں ایک اسکول میں پڑھنے والی دو بچیوں کے ساتھ جنسی زیادتی کا الزام ہے۔ مرکزی ریلوے کے GRP کے ڈی سی پی منوج پاٹل نے کہا ہے کہ علاقے میں صورتحال اور ریل گاڑیوں کی آمد ورفت معمول کے مطابق ہے۔ انھوں نے اِس بارے میں بھی مطلع کیا کہ افواہوں کی روک تھام کیلئے آئندہ کچھ روز تک علاقے میں انٹرنیٹ خدمات معطل رہیں گی۔ مہاراشٹر حکومت نے اِس معاملے کی تحقیقات کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے۔ متعلقہ اسکول کے دو ہیلپروں کے ساتھ اسکول کے پرنسپل کو معطل کردیا گیا ہے اور علاقے کے پولیس اسٹیشن کے انسپکٹر کا تبادلہ کردیا گیا ہے۔ پولیس نے 300 مظاہرین کیخلاف مختلف دفعات کے تحت معاملات درج کیے ہیں، جو کل ریل روکو میں شامل ہوئے تھے۔x

Iran Pigrim Death

کل رات وسطی ایران میں ایک بس حادثے میں کم سے کم 28 افراد ہلاک ہوگئے۔ اس بس میں پاکستان سے شیعہ زائرین عراق جارہے تھے۔ بس میں 51 زائرین سوار تھے اور یہ امام حسین کے چہلم میں شرکت کے لئے وہاں جارہے تھے۔ اس وقت تقریباً 20 لاکھ شیعہ مسلمان زیارت کے لئے کربلا گئے ہوئے ہیں، جو نجف سے تقریباً 80 کلومیٹر دور واقع ہے۔ آج صبح سویرے سیستان اور بلوچستان صوبے میں ایک دوسرے بس حادثے میں چھ افراد کی جانیں تلف ہوگئیں اور 18 دوسرے زخمی ہوگئے۔x

Bharat Bandh

آج بھارت بند کا ملا جلا اثر پڑا ہے۔ ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں اس کا کوئی اثر نہیں پڑا۔ ریزرویشن بچاؤ سنگھرش سمیتی نے درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبیلوں کے ریزرویشن کے بارے میں سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کے پیش نظر یہ بند کرایا ہے۔ راجستھان میں بھرت پور، کرولی، سوائے مادھوپور اور Deeg- Kumhar اضلاع میں انٹرنیٹ پر بند کا اثر پڑا ہے۔ انتظامیہ نے جے پور سمیت 16 ضلعوں میں اسکول اور کالجوں میں تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ تین یونیورسٹیوں کے امتحانات منسوخ کردیئے گئے ہیں۔ بہار میں بند کے حامیوں نے حاجی پور، دربھنگہ، مظفرپور، جہاں آباد اور کئی دوسرے اسٹیشنوں پر احتجاج کیا، جس کی وجہ سے ریل گاڑیوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی ہے۔ گاڑیوں کے کم چلنے کی وجہ سے مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جب پولیس نے احتجاج کرنے والوں کو روکا تو پٹنہ میں Dak Bunglow پر جھڑپ ہوگئی۔ جب پٹنہ میں احتجاج کرنے والے تشدد پر اتر آئے تو پولیس کو لاٹھی چارج کرنا پڑا۔x

J&K Election

مرکز اب تک کشمیر وادی میں چناؤ ڈیوٹی کے لئے نیم فوجی دستوں کی لگ بھگ تین سو کمپنیاں تعینات کرچکا ہے۔ CRPF، BSF، SSB اور ITBP سمیت نیم فوجی دستوں کی تقریباً 298 کمپنیاں سیکورٹی کے لئے تعینات کی جاچکی ہیں تاکہ وادی کشمیر میں خوش اسلوبی کے ساتھ اسمبلی چناؤ کرائے جاسکیں۔ یہ سیکورٹی دستے سری نگر، کپواڑہ، بارہ مولہ، اننت ناگ، شوپیاں اور پلوامہ سمیت 12 اضلاع میں تعینات کیے گئے ہیں۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں تین مرحلوں میں ہونے والے چناؤ کے پہلے مرحلے کیلئے کل نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔ پہلے مرحلے کے تحت ووٹنگ 18 ستمبر کو ہوگی۔x

J &K Terrorist

جموں وکشمیر میں کل راجوری ضلع میں سیکورٹی دستوں نے دہشت گردوں کے ایک زیر زمین ٹھکانے کا پتہ لگایا۔ سرحدی ضلع کے Darhal علاقے میں Sagrawat جنگل میں پولیس , فوج اور CRPF کی مشترکہ ٹیم کی جانب سے محاصرے اور تلاش کی کارروائی کے دوران اِس ٹھکانے کا پتہ لگایا گیا۔ اِس کارروائی کے دوران کسی کو بھی گرفتار نہیں کیا جاسکا، کیونکہ دہشت گرد یہاں سے فرار ہوگئے۔ x

Rajnath US

وزیردفاع راجناتھ سنگھ جمعہ کے روز امریکہ کے چار روزہ دورے پر جائیں گے۔ اپنے دورے میں جناب سنگھ امریکہ کے اپنے ہم منصب لوئیڈ آسٹن کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کریں گے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ دورہ بھارت امریکہ تعلقات میں اضافے اور مختلف سطح پر دفاعی رابطوں کے پیش منظر میں ہورہا ہے۔ جناب سنگھ موجودہ اور مستقبل میں دفاعی اشتراک کے سلسلے میں امریکہ کی دفاعی صنعت کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی گول میز میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ وہ وہاں آباد بھارتی برادری سے بھی بات چیت کریں گے۔x

Goyal E Commerce

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے ملک بھر کے ایک ارب چھوٹے خوردہ کاروباریوں کی بہتری کیلئے جامع کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں روزگار اور صارفین کی بہبود پر ای کامرس کے اثرات کے بارے میں رپورٹ پر افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے اِس بات پر زور دیا کہ ملک میں خوردہ کاروباریوں کی ایک بڑی تعداد اب بھی ایسی ہے،جنہیں اپنے کاروبار کو فروغ دینے کیلئے پختہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ لوگ پوری طرح ای کامرس پر انحصار نہیں کرسکتے اور لوگوں کو ان کی اور کاروبار کرنے ان کے روایتی طریقے کی حمایت کرنی چاہیئے۔

Maldives Flood

مالدیپ کے شمالی حصوں میں شدید بارش کے سبب بڑے پیانے پر سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے اور شہر کے شمالی حصے سے کئی مکانات کو نقصان پہنچنے کی خبر ہے۔ قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی نے کہا ہے کہ سیلاب کے سبب کم از کم 69 مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ اِس سے قبل مقامی محکمۂ موسمیات نے سرگرم جنوب مغربی مانسون کے پیش نظر اورینج الرٹ جاری کیا تھا۔ گُلدھوفُشی شہر کی کونسل کے عہدیدارن نے مقامی میڈیا کو مطلع کیا ہے کہ سیلاب کی وجہ سے پورا جزیرہ متاثر ہوا ہے اور اِس سے 65 فیصد مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ x

Bangladesh IC Women's T-20

بین الاقوامی کرکٹ کونسل، ICCنے خواتین کا 9 واں عالمی ٹی ٹوینٹی کپ بنگلہ دیش کی جگہ متحدہ عرب امارات میں کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ، اس کا باضابطہ میزبان رہے گا۔ یہ ٹورنامنٹ تین اکتوبر سے بیس اکتوبر تک دبئی اور شارجہ میں ہوگا۔x

Wrestling Bronze

کشتی میں بھارت کے رونک دہیہ نے اُردن کے Amman میں جاری 17 سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی کشتی چمپئن شپ میں 110 کلوگرام کے زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ موجودہ عالمی نمبر دو کھلاڑی رونک نے ترکیہ کے Emrullah Capkan کو چھ ایک سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔x